23 جون 2015ء

اسٹیٹ بینک رمضان کے دوران عوام کو نئے کرنسی نوٹ کے حصول میں سہولت فراہم کرے گا

بینک دولت پاکستان حسبِ روایت عیدالفطر کے موقع پر نئے کرنسی نوٹوں کے حوالے سے عوام کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن کے 16 فیلڈ دفاتر کے علاوہ ملک بھر میں کمرشل بینکوں کے وسیع نیٹ ورک کو استعمال کرے گا۔ کرنسی نوٹ درج ذیل شیڈول کے مطابق جاری کیے جائیں گے:

(الف) ایس بی پی بی ایس سی کے فیلڈ دفاتر اپنے کاؤنٹرز کے ذریعے 25 جون 2015ء سے نئے نوٹ جاری کرنا شروع کریں گے اور یہ سلسلہ عیدالفطر سے پہلے آخری یومِ کار تک جاری رہے گا۔

(ب) بڑے شہروں میں واقع کمرشل بینکوں کی 150 مخصوص برانچوں کو ''سلیکٹ برانچ'' قرار دیا گیا ہے جو ایکسپریس سینٹر کے طور پر کام کریں گے اور جہاں سے عام لوگوں کو مقررہ کوٹا کے مطابق نئے کرنسی نوٹ جاری کیے جائیں گے اور یہ کام ایس بی پی بی ایس سی کے افسران کی نگرانی میں ہوگا۔ اس کے علاوہ تمام کمرشل بینکوں کو ایک خصوصی کوٹا بھی جاری کیا گیا ہے جو وہ اپنے باضابطہ صارفین کو فراہم کرسکیں گے۔ کمرشل بینکوں/ مائکروفنانس بینکوں کی یہ برانچیں عام لوگوں کو اور اپنے کھاتے داروں/ کارپوریٹ صارفین کو 2 جولائی 2015ء سے نئے کرنسی نوٹ جاری کرنا شروع کردیں گے۔

ان انتظامات کے تحت عوام میں سے ہر فرد کو دس روپے، بیس روپے، اور پچاس روپے کی ایک ایک گڈی جاری کی جائے گی، جبکہ سو روپے کے نئے نوٹ اسٹاک کی دستیابی کے مطابق فراہم کیے جائیں گے۔ نئے نوٹوں کے حصول کے لیے عوام کو اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ/ اسمارٹ کارڈ بینک کے کاؤنٹر پر دکھانا ہوگا، ہر فرد کو صرف ایک بار یہ نوٹ دیے جائیں گے۔

عوام کی شکایات کا ازالہ کرنے کے لیے ایس بی پی بی ایس سی میں ایک ہیلپ ڈیسک قائم کی گئی ہے جس کا فون نمبر 021-32455470 ہے۔ عوام اپنی شکایات ای میل ایڈریس freshnotes@sbp.org.pk پر بھی بھیج سکتے ہیں۔ ایس بی پی بی ایس سی نے اپنی ہدایات کی تعمیل کرانے کے لیے نگرانی کا ایک سخت نظام بھی وضع کیا ہے اور عوام کو نئے کرنسی نوٹ جاری کرنے سے متعلق کسی خلاف ورزی کی صورت میں بینکوں پر جرمانے بھی کیے جائیں گے۔

☆☆☆